# اسکول کے پہلے دن کے لیے تیار ہو جائیں بروز:
# جمعرات، 10 ستمبر!

NYC Public Schools

## ہماری جانچ فہرست کو اپنے خاندان کی تعلیمی سال 2026–2027 کے شاندار آغاز میں مدد کے لیے استعمال کریں:

- ❑ **اپنی رابطہ معلومات میں تجدید کریں۔**
یقینی بنائیں کہ آپ کے بچے کا اسکول آپ سے رابطہ کرسکتا ہے! اپنے فون نمبر، ڈاک کا پتہ اور ای میل کی تجدید کرنے کے لیے، اپنے این وائی سی اسکولز اکاونٹ (NYCSA) میں لاگ اِن ہوں۔ آپ اپنے اسکول کا ہنگامی صورت میں رابطہ فارم بھی مکمل کر سکتے ہیں۔ NYCSA اکاؤنٹ نہیں ہے؟ **schools.nyc.gov/NYCSA** پر سائن اپ کریں۔

- ❑ **اپنے بچے کا جسمانی معائنہ شیڈیول کریں۔**
کیا آپ کا بچہ پہلی مرتبہ اسکول یا چائلڈ کئیر کا آغاز کر رہا ہے؟ انہیں کسی صحتیاتی نگہداشت فراہم کنندہ کی جانب سے ایک جسمانی معائنہ کروانے کی ضرورت ہوگی، جن کے لیے بچے اور نوبالغ فرد کا صحتی معائنے کا فارم (CH-205) مکمل کرنا لازمی ہوگا۔ CH-205 فارم **schools.nyc.gov/SchoolHealth** سے ڈاون لوڈ کریں۔

- ❑ **یہ یقینی بنائیں کہ آپ کے بچے کو وقت کے مطابق تمام مطلوبہ مدافعتی ٹیکے لگ چکے ہیں۔**
نیویارک ریاست عوامی صحت کا قانون تقاضہ کرتا ہے کہ طلباء چائلڈ کئیر یا اسکول میں شرکت کرنے کے لیے مخصوص مطلوبہ ویکسینز لگوائیں۔ طلباء کے لیے مطلوبہ مدافعتی ٹیکوں کے بارے میں مزید **schools.nyc.gov/immunization** پر جانیں۔ مطلوبہ اور تجویز کردہ مدافعتی ٹیکے لگوانے کے لیے اپنے نزدیک ایک مقام تلاش کرنے کے لیے **VaccineFinder.nyc.gov** پر جائیں یا **877-829-4692** پر کال کریں۔

- ❑ **2026-27 نیو یارک شہر پبلک اسکول کیلنڈر کا جائزہ لیں۔**
آنے والی تعطیلات پر اسکول بند ہونے، والدین اساتذہ کانفرنسیں **اور مزید** کے لیے اس تعلیمی سال کی اہم تاریخوں پر نظر رکھیں! **schools.nyc.gov/Calendar** پر جاکر مختلف زبانوں میں اس تعلیمی سال کا کلینڈر دیکھیں اور پرنٹ کریں۔

- ❑ **اپنے بچے کے نقل و حمل خدمات کے انتخابات اور اہلیت کو سمجھیں۔**
کیا آپ جانتے ہیں کہ آپ کا بچہ کس طرح اسکول آیا اور جایا کرے گا؟ آمد ورفت کے لیے دستیاب خدمات کے بارے میں مزید معلومات **schools.nyc.gov/Transportation** پر جانیں۔
  - طالب علم OMNY کارڈ کے بارے میں جاننے کے لیے **schools.nyc.gov/OMNY** پر جائیں۔
  - اگر آپ کے بچے کو بس خدمات تفویض کی گئی ہیں، آپ اپنے این وائی سی اسکولز بس ایپ کے ذریعے ان کے روٹ، لے جانے اور چھوڑ کر جانے کے اوقات دیکھ سکتے ہیں! اپنے این وائی سی اسکولز اکاونٹ کو استعمال کرکے لاگ اِن کریں۔ مزید جاننے کے لیے **schools.nyc.gov/SchoolBusApp** پر جائیں۔

- ❑ **اپنے بچے سے اسکول میں الیکٹرانک آلات استعمال نہ کرنے کے بارے میں بات کریں۔**
نیویارک ریاست قانون کے تحت، NYCPS کے طلباء انٹرنیٹ سے چلنے والے ذاتی الیکٹرانک آلات جیسے سیل فونز کو اسکول کے احاطے میں اسکول دن کے دوران استعمال نہیں کر سکتے۔ آپکا اسکول آپ کے ساتھ آلات کے استعمال اور محفوظ کرنے کے بارے میں اپنی پالیسی شیئر کرے گا—اپنے بچے کے ساتھ ملکر اس پالیسی کا جائزہ لیں تاکہ تعلیمی سال شروع ہونے سے قبل آپ کا بچہ ان قوانین کو سمجھ لے۔ مزید معلومات کے لیے، ذیل پر جائیں **.schools.nyc.gov/StudentPrivacy**

- ❑ **اپنے بچے کے اسکول کے سامان کو تیار کریں۔**
آپ کے بچے کا اسکول یا استاد اس سال کے لیے مطلوبہ اسکول کے سامان کی ایک فہرست آپ کو بھیج سکتا ہے۔ اپنے بچے سے اس بارے میں بات کریں کہ ان کے اسکول کے پہلے دن کیا توقع کی جانی چاہیے، اور یقینی بنائیں کہ ان کا اسکول کا سامان پیک ہو گیا ہے اور جانے کے لیے تیار ہیں۔ اپنے بچے کے املاک (کپڑے، پانی کی بوتلوں، پینسل کیس، وغیرہ) پر لیبل لگائیں تاکہ اس بات کو یقینی بنایا جا سکے کہ ان کے کھو جانے کی صورت میں ان کو واپس کیا جا سکتا ہے!

مزید معلومات صفحے کی پُشت پر ملاحظہ کریں ◄

- ❑ **اپنے بچے کی تعلیمی سال شیڈول میں منتقلی میں مدد کریں۔**

اسکول کے پہلے دن سے قبل، اپنے بچے کا ایک باقاعدہ اور صحت مند سونے کا شیڈول بنانے کے لیے سونے کا ایک مستقل وقت مقرر کریں۔ اس تعلیمی سال میں اسکول شروع ہونے سے چند دن قبل، اپنے بچے کے صبح کا متوقع معمول، بشمول تیار ہونے، ناشتہ کرنے اور اسکول تک سفر کرنے کی مشق کریں۔ اپنے بچے کا اسکول شروع ہونے کا وقت، ختم ہونے کا وقت اور تاخیر کی پالیسی کا جائزہ لینا یقینی بنائیں۔

- ❑ **اپنے اسکول سے ترجمے اور ترجمانی کی خدمات کے بارے میں معلوم کریں۔**

NYCPS سرکاری دستاویزات کو متعدد زبانوں میں ترجمہ کرتا ہے اور آپ کی بلامعاوضہ ترجمانی کی خدمات سے مدد کر سکتا ہے، بشمول والدین اساتذہ کانفرنس اور خاص تعلیم اجلاسوں کے دوران۔ مدد کے لیے اپنے اسکول کے پرنسپل یا والدین رابطہ کار سے رابطہ کریں۔

  - **schools.nyc.gov/Hello** پر مزید جانیں، تبصرات کا اشتراک کریں، یا ایک شکایت جمع کروائیں۔ امیرکن اشاروں کی زبان ے **schools.nyc.gov/SignLanguage** پر جائیں۔

- ❑ **اپنے اسکول کے والدین رابطہ کار سے رابطہ کریں۔**

والدین رابطہ کاران آپ کے کئی سوالات کے جواب دینے میں مدد کر سکتے ہیں! ان کی رابطہ معلومات کو "Find a School" (ایک اسکول تلاش کریں) ٹول کے ذریعے **SchoolSearch.schools.nyc** پر دیکھا جا سکتا ہے یا اپنے بچے کے اسکول کو کال کر سکتے ہیں۔

- ❑ **ریموٹ لرننگ کے لیے تیار رہیں۔**

اگر اسکولوں کو بند کرنا لازمی ہوا تو ہو سکتا ہے کہ طلباء گھر پر ریموٹ لرنگ میں شرکت کریں۔ یقینی بنائیں کہ آپ کے بچے کے پاس انٹرنیٹ سے منسلک ڈیوائس، اسکول کا سامان، اور اور کام کرنے لیے ایک پُرسکون جگہ ہے۔ اپنے اسکول ورک کے لیے مطلوبہ آن لائن ٹولز تک رسائی حاصل کرنے کے لیے NYCPS طالب علم اکاؤنٹ پر لاگ اِن ہونے میں ان کی مدد کریں۔ ریموٹ لرننگ کی تیاری کے وسائل تلاش کرنے کے لیے **schools.nyc.gov/DigitalLearning** پر جائیں۔

## ہم آپ سے اسکول کے پہلے دن **10 ستمبر** کو ملنے کے متمنی ہیں!